BY FAX

OFFICE OF THE
ADDL. INSPECTOR GENERAL OF POLICE,
INV BRANCH PUNJAB, LAHORE

To
i. The CCPO Lahore
ii. All RPOs in Punjab
iii All CPOs in Punjab
iv. All DPOs in Punjab
v. All District Heads of Investigation in Punjab

No 549 /Inv/HA/L Dated: 9th January, 2024

Subject: **STANDING ORDER NO.01/2024 REGARDING APPEARANCE OF ACTUAL I.Os AND PRODUCTION OF RECORD BEFORE THE HON'BLE LAHORE HIGH COURT, LAHORE AND SUPEREME COURT OF PAKISTAN**

**MEMORANDUM:**

Enclosed please find a Standing Order No.01/2024 **(in Urdu)** duly approved/signed by the IGP.

2. It is directed that the said Standing Order may please be circulated to all SsP/DSsP/Legal, SDPOs, SHOs and Investigating Officers under your kind control for guidance and strict compliance.

3. A certificate to the effect that this Standing order has been circulated to all concerned officers/officers working under your administrative control may be furnished to this office till 12.01.2024 for perusal, please.

(MUHAMMAD IDREES AHMED) *PSP*,
Addl: Inspector General of Police,
Investigation Branch Punjab, Lahore

CC to the:-
i. A.D Personnel, CPO;
ii. AIG/Legal CPO Punjab;
iii. Dy: Director, CPO; and
iv. A.D/Investigation Branch Punjab.

204-IG
9-1-24

ارشیٹ آف دی پنجاب

# سنٹرل پولیس آفس پنجاب

## سٹینڈنگ آرڈر نمبر 01 / 2024

## بابت پیش ہونے اصل تفتیشی افسران و پیش کرنے مکمل ریکارڈ عدالت عالیہ لاہور اور عدالت عظمیٰ پاکستان

پولیس آرڈر 2002 کے آرٹیکل 10 ضمن 3 کے تحت انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کو تفویض شدہ اختیارات کے تحت سٹینڈنگ آرڈر ہذا جاری کیا جا رہا ہے۔ انویسٹی گیشن برانچ پنجاب کی طرف سے قبل ازیں جاری شدہ سٹینڈنگ آرڈر نمبر 10/2018 مجاریہ بحوالہ چٹھی نمبر 36497-576/Inv/HA/L مورخہ 11.12.2018 منسوخ تصور کیا جائے گا۔

قوانین اور ضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے تفتیشی افسران محکمہ پولیس اعلیٰ عدلیہ کی معاونت اور عوام الناس کو انصاف کی فراہمی میں ایک اہم ستون کا درجہ رکھتی ہے۔ پولیس کی جانب سے مقدمات کی بروقت درست تفتیش اور پھر عدالتوں میں ان مقدمات کی پیروی نہ صرف عدلیہ کے کام کو آسان بنا سکتی ہے بلکہ اس سے انصاف کی فراہمی بھی ممکن ہے۔ دوران سماعت معزز اعلیٰ عدلیہ اور اہ افسران کی رائے، افسران کے مشاہدات اور دیگر کی ادا کوتاہیوں پر وقتاً فوقتاً سٹینڈنگ آرڈرز اور ہدایات کی صورت میں جاری کیے جا چکے ہیں جن کے خاطر خواہ نتائج برآمد نہ ہوئے ہیں اور معزز اعلیٰ عدلیہ کے تفتیشی افسران کے بارے میں مشاہدات جوں کے توں ہیں۔ اس لیے ضروری سمجھا گیا ہے کہ تمام تر ہدایات اور سٹینڈنگ آرڈرز کو یکجا کیا جائے تاکہ ان عمومی شکایات کا نہ صرف ازالہ کیا جا سکے بلکہ پولیس افسران کو اعلیٰ عدلیہ سے بہتر انصاف کی فراہمی میں مدد فراہم کی جا سکے۔

1۔ **عمل درآمد کی ذمہ داری**

اس سٹینڈنگ آرڈر پر عمل درآمد کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ DIG انویسٹی گیشن، سی پی او / ڈی پی او کی زیر نگرانی متعلقہ ایس ایس پی / ایس پی انویسٹی گیشن ضلع پر ہوگی۔ کسی بھی قسم کی کوتاہی و کمی پر متعلقہ RPO اور CCPO پر تادیبی کارروائی کی ذمہ داری عائد ہوگی۔

## 2- تفتیش

ضابطہ فوجداری کی دفعہ 173 کے تحت کسی بھی فوجداری مقدمہ کے اندراج سے لیکر 14 دن کے اندر تفتیش مکمل کی جائے گی اور رپورٹ عدالت میں معرفت پراسیکیوٹر جمع کروائی جائے گی۔ اگر 14 دن کے اندر تفتیش مکمل نہیں ہوتی تو اگلے 3 دن کے اندر عبوری رپورٹ عدالت میں جمع کروائی جائے گی۔ مطلب یہ ہے کہ کل 17 دن کے اندر عدالت مجاز میں تفتیش مقدمہ سے متعلق رپورٹ جمع ہوگی۔ قانون کی اس شق پر من وعن عمل نہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے زیر تفتیش مقدمات کی تعداد میں آئے روز اضافہ ہو رہا ہے۔ لہٰذا قانون کی منشاء کا تقاضا ہے کہ اندر میعاد تفتیش مکمل کی جا کر رپورٹ مجاز عدالت میں بھجوائی جائے۔ ملزمان سے برآمد شدہ منشیات کو قبضہ پولیس میں لے کر جائے وقوعہ پر ہی پارسل تیار کر کے 72 گھنٹے کے اندر اندر PFSA میں برائے تجزیہ کیمیائی جمع کروایا جائے گا۔

## 3- SSOIUs

3.1- Anti Rape(Investigation and Trial)Act, 2021 کے شیڈول نمبر 1 میں درج شدہ جرائم کی تفتیش SSOIUs کرینگے جبکہ شیڈول نمبر 2 میں درج جرائم کی تفتیش گزیٹڈ افسر کی زیر نگرانی SSOIUs کرینگے۔

3.2- SSOIU کے کسی ممبر کی ریٹائرمنٹ/ٹرانسفر کی صورت میں فی الفور نیا افسر تعینات کیا جائیگا۔

3.3- معزز عدالت عالیہ وعظمٰی میں ریکارڈ طلب کرنے پر SSOIU کا تفتیشی افسر ہی ریکارڈ پیش کریگا اور معزز عدالت میں اپنے یونٹ کی نمائندگی کریگا۔

3.4- ایکٹ ہذا کے شیڈول نمبر 1 اور 2 میں درج جرائم کی تفتیش کسی بھی صورت میں SSOIU سے باہر نہیں کی جائیگی۔

3.5- جملہ یونٹس کی ٹریننگ اور ریفریشر کورسز کروانے کی ذمہ داری بھی متعلقہ CPO/DPO پر ہوگی۔

## 4- رٹ پٹیشن اور درخواست ہائے ضمانت وغیرہ

معزز عدالت عالیہ وعظمٰی میں فوجداری مقدمہ سے متعلق رٹ پٹیشن، ضمانت کی درخواست یا دیگر پٹیشن دائر ہوتی ہیں جن میں معزز عدالت مقدمہ سے متعلق ریکارڈ طلب کرتی ہے۔ معزز عدالت میں کیس کی سماعت کی کاز لسٹ متعلقہ ایگل برانچ اور تھانوں کو بھجوائی جاتی ہے کہ متعلقہ تفتیشی افسر ہمراہ مکمل ریکارڈ پروفارمہ A پر پولیس بریف تیار کر کے معزز عدالت میں تاریخ پیشی پر پیش ہو کر متعلقہ لاء افسر کو بریف کرے تاکہ پٹیشن کا فیصلہ ہو سکے۔ (پولیس بریف پروفارمہ A)

## 5- لائزن آفیسر کی ذمہ داریاں

5.1- معزز عدالت عالیہ لاہور اور اس کے علاقائی بنچز (بہاولپور، ملتان، راولپنڈی) میں محکمہ پولیس کی طرف سے SI/ASI اور انسپکٹر بطور لائزن آفیسر تعینات کیے گئے ہیں۔ لائزن آفیسر پابند ہے کہ وہ اپنے ضلع کے تھانہ جات کے مقدمات کی

سماعت سے متعلق Cause List معزز ہائیکورٹ کی رٹ برانچ سے یا متعلقہ لاء افسر کے دفتر سے حاصل کر کے بذریعہ فیکس یا ڈیجیٹل ذرائع متعلقہ DSP لیگل کو بھجوائیں گے تاکہ عدالت عالیہ یا لاء آفیسر کے دفتر سے کاز لسٹ سرکاری طور پر بھجوانے کے ساتھ ساتھ DSP لیگل ضلع کو لائزن افسران سے بھی بروقت کاز لسٹ مل سکے۔

5.2۔ لائزن آفیسر بعد ازاں اپنے ضلع کے DSP لیگل سے بذریعہ ڈیجیٹل ذرائع اصل تفتیشی افسران کی لسٹ موصول ہونے پر بمطابق لسٹ اصل تفتیشی افسران کی عدالتوں میں حاضری یقینی بنائیں گے۔

5.3۔ بعد ازاں یہ موصول شدہ لسٹ لائزن آفیسر بذریعہ ڈیجیٹل ذرائع DSP لیگل انویسٹی گیشن برانچ پنجاب کے دفتر میں نامزد افسر کو بھجوائیں گے۔

5.4۔ لائزن آفیسر 3 بجے دن کے بعد عدالتوں میں پیش نہ ہونے والے اصل تفتیشی افسران کی لسٹ بنا کر DSP لیگل انویسٹی گیشن برانچ پنجاب کے دفتر میں نامزد افسر کو روزانہ کی بنیاد پر بھجوائیں گے۔

## 6۔ ریجنل SP لیگل کی ذمہ داریاں

6.1۔ ریجنل ایس پی لیگل اپنی ریجن کے متعلقہ اضلاع کے اصل تفتیشی افسران کو پیشی اور مکمل ریکارڈ عدالت عالیہ میں پیش کروانے کیلئے بطور فوکل پرسن کام کریں گے۔

6.2۔ ریجنل ایس پی لیگل اصل تفتیشی افسران کی پیشی اور مکمل ریکارڈ پیش کروانے کو یقینی بنائیں گے۔

6.3۔ ہدایات ہذا کی عدم تعمیل کی صورت میں جب بھی معاملہ ریجنل پولیس آفیسر کے نوٹس میں لایا جائیگا تو متعلقہ ایس پی لیگل اس کا Follow Up یقینی بنائیں گے۔

6.4۔ ریجنل ایس پی لیگل اصل تفتیشی افسران کی پیشی اور مکمل ریکارڈ پیش کروانے کی بابت اپنے اضلاع کے ایس پی انویسٹی گیشن کی طرف سے روزانہ کی بنیاد پر شوفلیکیٹ انویسٹی گیشن برانچ پنجاب بھجوائیں گے۔

## 7۔ DSP لیگل ضلع کی ذمہ داریاں

7.1۔ DSP لیگل ضلع کاز لسٹ موصول ہونے پر متعلقہ تھانہ جات کو نوٹ کروا کر اصل تفتیشی افسران کا نام و رابطہ نمبر حاصل کر کے انہیں پابند کرے گا کہ وہ بعد ملاحظہ کروانے مثل مقدمہ از اں SDPO متعلقہ، معزز عدالت میں بروقت پیش ہونگے۔

7.2۔ کاز لسٹ کی ایک کاپی DSP لیگل ضلع متعلقہ CPO/DPO اور SP انویسٹی گیشن کو بھی بھجوائے گا۔

7.3 DSP لیگل اصل تفتیشی افسران کی تعمیل کروانے کے بعد یہ لسٹ متعلقہ لائزن افسر ہائیکورٹ کو بذریعہ ڈیجیٹل ذرائع بھجوائے گا۔

## 8۔ SSP/SP انویسٹی گیشن کی ذمہ داریاں

8.1۔ متعلقہ سی پی او/ڈی پی او کی زیر نگرانی کسی بھی ضلع میں اسٹینڈنگ آرڈر ہذا کی من و عن تعمیل کی ذمہ داری متعلقہ ایس ایس

پی/ایس پی انویسٹی گیشن ضلع کی ہوگی۔

8.2۔ ایس پی انویسٹی گیشن ضلع، پولیس اور پراسیکیوشن کے مابین روابط قائم رکھنے کے لیے باقاعدہ طور پر ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر کے ساتھ میٹنگ کرے گا۔

8.3۔ ایس ایس پی/ایس پی انویسٹی گیشن ہر صورت تمام امور کی ذاتی نگرانی کریگا اور عملدرآمد کا ذمہ دار ہوگا۔

8.4۔ SSP/SP انویسٹی گیشن ضلع یا SP انویسٹی گیشن ڈویژن متعلقہ DSP لیگل سے حاصل شدہ لسٹ بابت پیشی اصل تفتیشی افسران RMU's کے Email ایڈریس پر دفتری اوقات میں 6 بجے شام تک روزانہ کی بنیاد پر انویسٹی گیشن برانچ پنجاب کو ذیل پروفارمہ جات B اور C پر ڈاک کی بجھوائیں گے۔

پروفارمہ B (اگلے دن کی پیشی کے متعلق)

| نمبر شمار | ضلع | اصل تفتیشی افسر کا نام، مقدمہ نمبر، تھانہ | رٹ پٹیشن، ضمانت کی درخواست وغیرہ | تاریخ پیشی | عدالت عالیہ میں پیش ہونے والے تفتیشی افسر کا نام | اگر اصل تفتیشی افسر پیش نہ ہوا تو وجوہات |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

PROFORMA-B (Regarding next day appearance)

| Sr. No | District | Name of the actual I.O, FIR , PS | Writ patition, bail patition etc | Date of hearing | Name of the I.O appeared in the court | Reasons for non appearance of actual I.O |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

مزید برآں SP انویسٹی گیشن اضلاع و ڈویژن گزشتہ دن کی پیشی کے بعد متعلق پروفارمہ C کی ہمراہ پروفارمہ B بجھوائیں گے کہ اصل تفتیشی افسران عدالت میں پیش نہ ہوئے۔

پروفارمہ C (سابقہ دن کی پیشی کے متعلق)

| نمبر شمار | ضلع | اصل تفتیشی افسر کا نام مقدمہ نمبر، تھانہ | رٹ پٹیشن، ضمانت کی درخواست وغیرہ | تاریخ پیشی | عدالت عالیہ میں اصل تفتیشی افسر کی جگہ پر SHO یا انچارج انویسٹی گیشن پیش ہوا یا دیگر تفتیشی افسر | اصل تفتیشی افسر پیش نہ ہونے کی وجوہات | متعلقہ تفتیشی افسر کے خلاف عدم پیشی پر محکمانہ کارروائی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |

PROFORMA-C (Regarding previous day appearance)

| Sr. No | District | Name of the actual I.O, FIR , PS | W.P, bail petition etc | Date of hearing | Name of the SHO / Incharge Inv who appeared in place of actual I.O in the court or other I.O appeared | Reasons for non appearance of actual I.O | Departmental action against actual I.O for non appearance |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |

## 9۔ ریجنل مانیٹرنگ یونٹس کی ذمہ داریاں

9.1۔ DSP/RMU و جملہ انچارج ریجنل مانیٹرنگ یونٹس پابند ہیں کہ وہ دفتری اوقات ختم ہونے تک اپنے اپنے اضلاع کے SSP انویسٹی گیشن یا SP انویسٹی گیشن ڈویژن سے بذریعہ Email مذکورہ بالا دونوں پروفارمہ جات (A&B) پر روزانہ کی بنیاد پر ڈائری حاصل کریں گے۔

9.2۔ دونوں پروفارمہ جات کو ملاحظہ کر کے اگلے دن، ذیل پروفارمہ (D) پر صبح 9:00 بجے تک ڈائری مرتب کر کے AIG مانیٹرنگ کو Put Up کریں گے۔

9.3۔ ریجنل مانیٹرنگ یونٹس دفاتر SSP/SP انویسٹی گیشن اضلاع سے روزانہ کی بنیاد پر موصول ہونے والی ڈائری کا ریکارڈ محفوظ رکھیں گے۔

9.4۔ ریجنل مانیٹرنگ یونٹس تھانہ جات کی طرف سے عدالت عالیہ و عدالت عظمیٰ میں روزانہ کی بنیاد پر پیش ہونے والے اصل تفتیشی افسران کو بذریعہ POLCOM اور بذریعہ فون Counter check کریں گے۔

### پروفارمہ D متعلق RMU

| نمبر شمار | ریجن | ضلع | کتنے اصل تفتیشی افسران ضلع کی طرف سے برائے پیشی عدالت مقرر کیے گئے۔ | کتنے اصل تفتیشی افسران عدالت میں پیش ہوئے | کتنے اصل تفتیشی افسران عدالت میں پیش نہ ہوئے | اصل تفتیشی افسران جو عدالت میں پیش نہ ہوئے ان کے نام | رٹ پٹیشن یا کیس کا نمبر اور تاریخ پیشی | متعلقہ تفتیشی افسر کے خلاف عدم پیشی پر محکمانہ کارروائی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | |

### PROFORMA-D (RMU)

| Sr. No. | Region | District | How many actual I.Os were deputed for appearance in the court | How many actual I.Os appeared in the court | How many actual I.Os not appeared in the court | Name of the actual I.Os who did not appear | W.P., Crl. Misc. etc | Departmental action against actual I.O for non appearance |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | |

## 10۔ AIG مانیٹرنگ کی ذمہ داریاں

10.1۔ AIG مانیٹرنگ، ریجنل مانیٹرنگ یونٹس کی طرف سے پیش کی گئی ڈیلی ڈائری ملاحظہ کرنے کے بعد ہدایات بذریعہ عدم تعمیل کی صورت میں متعلقہ ضلع کے CPO/DPO اور SP انویسٹی گیشن کو لیٹر جاری کریں گے۔

10.2۔ AIG مانیٹرنگ کا سٹاف اپنے دفتر میں ہفتہ وار ڈائری کا ریکارڈ مرتب کرے گا۔


Jan 09 2024 02:33PM HP Fax

## 11- SDPO سرکل کی ذمہ داریاں

11.1- SDPO سرکل ذمہ دار ہے کہ وہ عدالت میں پیش ہونے والے تفتیشی افسران کو طلب کر کے مقدمہ کی مثل کا ملاحظہ کرے گا اور مثل مقدمہ کے ساتھ مقدمہ کی نوعیت کے مطابق مکمل ریکارڈ اور ملزم کا سابقہ ریکارڈ بھی لف مثل کروائے گا۔

11.2- مثل مقدمہ کے ساتھ مکمل ریکارڈ یعنی اصل درخواست مدعی برائے اندراج مقدمہ، MLC، پوسٹ مارٹم رپورٹ، شناخت پریڈ کاروائی، دفعہ 173 ض ف کی رپورٹ کی کاپی، PFSA رپورٹ فنگر پرنٹ رپورٹ، کیمیکل ایگزامینر رپورٹ، سٹینڈنگ میڈیکل بورڈ کی رپورٹ، CDR، بیان زیر دفعہ 164 ض ف، تبدیلی تفتیش کا حکم اور دیگر متعلقہ جملہ دستاویزات۔

11.3- ملزم کا سابقہ ریکارڈ مثلاً جملہ درج شدہ مقدمات، ان مقدمات کی تفتیش کی موجودہ پوزیشن یعنی زیر تفتیش یا زیر سماعت عدالت اور سزایابی، بریت یا ضمانت وغیرہ لف مثل کیا جائے گا۔

11.4- SDPO سرکل اصل تفتیشی افسر کو معزز عدالت عالیہ و عدالت عظمیٰ میں بھجوانے سے پہلے تفصیل سے مقدمہ کے متعلق بریف (Brief) کرے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ مثل کیساتھ لف شدہ دستاویزات کی فوٹو کاپیوں کا سائز سٹینڈرڈ ہوگا اور فوٹو سٹیٹ مدہم نہ ہوگا۔

11.5- SDPO سرکل اپنے دستخط سے اپنی طرف سے ایک سرٹیفکیٹ ہر مثل مقدمہ کے ساتھ لف کرے گا کہ اس نے مثل مقدمہ خود ملاحظہ کی ہے اور جملہ ریکارڈ مقدمہ و سابقہ ریکارڈ ملزم مثل پولیس کے ہمراہ لف کروایا گیا ہے نیز تفتیشی افسر کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ بروقت اچھے ٹرن آؤٹ کیساتھ معزز عدالت میں مقدمہ کی مکمل تیاری کر کے پیش ہوگا۔

11.6- SDPO سرکل، متعلقہ SHO کی عدالت میں پیشی سے واپسی پر De-briefing کرے گا۔

11.7- SDPO سرکل اس ضمن میں جملہ ملاحظہ شدہ امثلاجات کے متعلق روزانہ ڈائری متعلقہ SP انویسٹی گیشن ضلع کو بھجوائے گا۔ جو کہ آئندہ SP انویسٹی گیشن ضلع روزانہ کی بنیاد پر ڈائری متعلق مکمل ریکارڈ پیش کرنے عدالت عالیہ بحضور ایڈیشنل IGP انویسٹی گیشن برانچ پنجاب معرفت RMU's بھجوائیں گے۔

## 12- DSP لیگل انویسٹی گیشن برانچ پنجاب کی ذمہ داریاں

12.1 DSP لیگل انویسٹی گیشن برانچ، دفتر AIG مانیٹرنگ سے ہفتہ وار ڈائری حاصل کر کے DIG انویسٹی گیشن پنجاب کے Put Up کریں گے۔

12.2- DSP لیگل انویسٹی گیشن برانچ 15 روزہ ڈائری بعد ملاحظہ DIG انویسٹی گیشن ہمراہ DO لیٹر برائے متعلقہ RPO، ایڈیشنل IGP انویسٹی گیشن برانچ پنجاب کے Put up کریں گے۔

12.3- DSP لیگل کے دفتر میں موجود نامزد افسر، لائزن افسران سے بذریعہ ڈیجیٹل ذرائع روزانہ کی بنیاد پر اگلے دن کے پیش ہونے والے تفتیشی افسران کی لسٹ حاصل کرے گا۔

12.4- ہفتہ واری بنیادوں پر لائزن افسران کی میٹنگ کرے گا۔

## 13- نوٹس، سمن اور وارنٹ کی تعمیل

13.1- عدالت عالیہ کی طرف سے جاری کردہ نوٹس، سمن اور وارنٹ بسلسلہ حاضری مدعی و گواہان کی محرر تھانہ، SHO اور انچارج انویسٹی گیشن اصالتاً تعمیل کروائیں گے۔ اس ضمن میں ضابطہ فوجداری کی دفعات 68 سے لیکر 93C میں دیئے گئے طریقہ کار پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔

13.2- بذریعہ فون مدعی یا گواہ کی تعمیل کی کوئی قانونی حیثیت نہ ہے۔ ہر حال میں مدعی یا گواہ کی اصالتاً تعمیل کروا کر سمن، نوٹس یا وارنٹ کی فوٹو کاپی متعلقہ لاء افسر کو پیش کی جائے گی جبکہ اصل ہمراہ مثل مقدمہ لف کی جائے گی۔

13.3- جن اضلاع میں انویسٹی گیشن ونگ الگ کام کر رہے ہیں وہاں پر محرر انویسٹی گیشن اور انچارج انویسٹی گیشن اپنے مقدمات کے ضمن میں مدعی مقدمہ و گواہان کی اصالتاً تعمیل کے ذمہ دار ہونگے۔

## 14- عدالت عالیہ و عدالت عظمیٰ کے معزز جج کا نام روزنامچہ، ضمنی یا خط و کتابت میں تحریر کرنا

عدالت عالیہ و عدالت عظمیٰ کے معزز جج صاحبان کا نام کسی بھی صورت میں نہ تو ضمنی میں تحریر کیا جائے گا اور نہ ہی خط و کتابت، روزنامچہ یا انکوائری وغیرہ میں درج کیا جائے گا۔ عدم تعمیل کی صورت میں مجاز اتھارٹی کی جانب سے فوری تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

## 15- اصل تفتیشی افسران کی پیشی

15.1- معزز عدالت عالیہ اور عدالت عظمیٰ پاکستان میں صرف وہی تفتیشی افسر پیش ہوگا جس نے مقدمہ کی تفتیش فائنل کی ہے۔

15.2- اگر کسی مقدمہ کی تفتیش ایک سے زیادہ تفتیشی افسران نے کی ہے تو جس تفتیشی آفیسر نے تفتیش کو فائنل کیا ہے وہ عدالت میں پیش ہوگا۔

15.3- اصل تفتیشی افسر کے ضلع کے اندر کسی دوسرے تھانہ میں تبادلہ ہونے کی صورت میں اسے متعلقہ تھانہ کی طرف سے محرر تھانہ بروقت اطلاع کرے گا اور مثل مقدمہ اپنے تھانہ کے کسی تفتیشی افسر کے ہاتھ اصل تفتیشی افسر کو بھجوائے گا جس پر ہر حال میں وہ اصل تفتیشی افسر (سابقہ تفتیشی) عدالت عالیہ میں پیش ہوگا۔

15.4- ضلع کے اندر کسی دوسرے تھانہ میں تبادلہ ہونے کی صورت میں اصل تفتیشی افسر اپنی سابقہ تفتیش کی بابت عدالت عالیہ میں پیش نہ ہونے کا کوئی جواز پیش نہیں کرے گا۔

15.5- اصل تفتیشی افسر کی بیماری، فوتیدگی، ریٹائرمنٹ یا دوسرے ضلع میں تبادل کی صورت میں متعلقہ SHO بعد اجازت DPO ضلع خود پیش ہوگا یا جن اضلاع میں انویسٹی گیشن ونگ علیحدہ ہے وہاں انچارج انویسٹی گیشن بعد اجازت SP انویسٹی گیشن خود پیش ہوگا۔ دیگر کسی SI/ASI کو ریکارڈ پیش کرنے کے لیے عدالت نہ بھجوایا جائے گا۔

15.6- سپریم کورٹ آف پاکستان میں ریکارڈ انچارج افسر SP پیش کرے گا اس سے کم تر عہدے کا افسر پیش نہ ہوگا۔

15.7۔ SSP/SP انویسٹی گیشن ضلع یا ڈویژن اصل تفتیشی افسران کو مکمل ریکارڈ کے ہمراہ عدالت ہائے میں پیش کرانے کے ذمہ دار ہوں گے۔

15.8۔ SSP/SP انویسٹی گیشن ضلع یا ڈویژن اس ضمن میں اپنے ضلع اور ڈویژن کے فوکل پرسن ہوں گے جو کہ اصل تفتیشی افسران کی معزز عدالت ہائے میں پیشی و مکمل ریکارڈ پیش کرنے کی بابت اپنے دفتر میں مستقل طور پر ریکارڈ محفوظ رکھیں گے۔

15.9۔ SHO تھانہ کی حد تک اور SDPO سرکل کی حد تک اصل تفتیشی افسران کو عدالت میں پیش کرنے کے ذمہ دار ہیں۔

## 16۔ عمومی ہدایات

16.1۔ اصل تفتیشی افسر مقررہ تاریخ پر ٹھیک 8:00 بجے صبح عدالت پہنچے گا۔

16.2۔ اصل تفتیشی افسر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کی طرف سے جاری کیا گیا خلاصہ حقائق و تفتیش مقدمہ (پولیس بریف پروفارمہ) پر مکمل کر کے متعلقہ لاء افسر کو سماعت سے پہلے پیش کرے گا (ترجیحاً صبح 8 بجے) اور اس کی کاپی مثل کے ساتھ لف کرے گا۔

16.3۔ اصل تفتیشی افسر کا ٹرن آؤٹ (مکمل یونیفارم، نیم پلیٹ اور بوٹ پالش) درست ہو گا۔

16.4۔ مثل مقدمہ باقاعدہ فلیگ لگائے جائیں گے۔ اصل تفتیشی افسر مثل مقدمہ کی مکمل تیاری کرے گا اور تفتیش سے متعلق ملزم کا کردار اور اس کے خلاف صفحہ مثل پر لائی گئی شہادت کے بارے میں لاء افسر کو بریف کرے گا۔ تفتیشی افسر مقدمہ کی ضمنی دائز پراگرس رپورٹ تیار کر کے لاء افسر کو پیش کرے گا۔

16.5۔ معزز عدالت میں SHO اور SDPO کی طرف سے رپورٹ ہمیشہ صاف صفحات پر پیش کی جائے گی۔ کسی بھی صورت میں رف صفحات (Rough Papers) استعمال نہیں کیے جائیں گے۔

16.6۔ واقعاتی اور دستاویزی شہادت کو بھی مثل پولیس کا حصہ بنایا جائے گا اور اس کے اوپر درست طریقے سے فلیگ (Flag) لگایا جائے تاکہ واضح طور پر پڑھا جا سکے۔

16.7۔ دستاویزی شہادت جو دوران تفتیش مقدمہ جمع کی گئی ہو کو بھی مثل پولیس کا حصہ بنا کر لف کیا جائے گا۔

16.8۔ ضرر اور اقدام قتل کے مقدمات میں سٹینڈنگ میڈیکل بورڈ وغیرہ کی رائے حاصل کی جا کر لف مثل کی جائے گی۔

16.9۔ معزز عدالت عالیہ و عدالت عظمیٰ پاکستان میں صرف ضمانت کی پٹیشن کی دائرگی، پولیس کو ملزمان کی گرفتاری سے نہ روکتی ہے جب تک کہ معزز عدالت کی طرف سے پٹیشن دائر ہونے پر کوئی واضح حکم یا Stay order جاری نہ ہو۔

16.10۔ متعلقہ پولیس افسر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ عدالت میں ملزم کے سابقہ ریکارڈ کی بابت CRO برانچ سے تصدیق کروائی گئی ہے تاکہ عدالت میں درست ریکارڈ پیش ہو سکے۔ غلط یا ادھوری معلومات کی صورت میں اس افسر کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

16.11۔ ملزمان کی سپریم کورٹ رجسٹری برانچ لاہور میں درخواست ضمانت کی سماعت کی صورت میں متعلقہ تھانے کے تفتیشی افسران موجود رہیں گے تاکہ ضمانت منسوخ ہونے کی صورت میں ملزم کو گرفتار کیا جا سکے۔

16.12۔ جملہ ضلعی سربراہان پولیس اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ہدایات مندرجہ سٹینڈنگ آرڈر ہذا برائے عملدرآمد ان کے ماتحت جملہ تفتیشی افسران، افسر مہتمم تھانہ جات اور سرکل افسران کو پہنچا دی گئی ہیں۔ نیز ان ہدایات کو دفتر سرکل افسر، تھانہ اور چوکیات کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کیا گیا ہے۔ محرر تھانہ گنتی شام میں تفتیشی افسران کو یہ ہدایات پڑھ کر سنائے گا۔

(ڈاکٹر عثمان انور) پی ایس پی

انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب لاہور

(پروفارمہ A)

# پولیس بریف

Crl.Misc.No................../20.....

درخواست ضمانت از ان.............................. بنام سرکار

مقدمہ نمبر معہ تاریخ ووقت:........................ تاریخ ووقت وقوعہ:..............................

بجرم زیر دفعہ:........................ پولیس اسٹیشن وضلع:..............................

نام مستغیث:........................ نام گواہان:..............................

نام مضروبین مقدمہ:........................ نام مقتولین مقدمہ:..............................

تفصیل وقوعہ:..................................................................

تفصیل تفتیش وحقائق بابت پیشی/ملزمان:

نام پیشی/ملزم معہ تاریخ گرفتاری/جوڈیشل/برآمدگی/تاریخ چالان/تاریخ چالان ٹرائل عدالت:

تفصیل ضربات مضروب مقدمہ ومنسوب ملزم بمطابق FIR/تتمہ بیان/شناخت پریڈ معہ تفتیش کی فائنڈنگ برخلاف ملزم/ملزمان

تفصیل ضربات مقتول مقدمہ ومنسوب ملزم بمطابق FIR/تتمہ بیان/شناخت پریڈ معہ تفتیش کی فائنڈنگ برخلاف ملزم/ملزمان

تفتیشی آفیسر پروفارمہ کو تفصیل کیساتھ تحریر کر کے مبلغ BI- بجے اا، آفیسر عدالت عالیہ لاہور ہمراہ ذیل دستاویزات پیش کریگا۔

۱. فوٹو کاپی پوسٹمارٹم رپورٹ۔ ۲۔ فوٹو کاپی میڈیکولیگل رپورٹ معہ نقشہ انجری۔ ۳۔ فوٹو کاپی PFSA۔

۴۔ فوٹو کاپی چیک ڈس آرڈر سلپ۔ ۵۔ فوٹو کاپی کاروائی شناخت پریڈ۔ ۶۔ لسٹ سابقہ مقدمات برخلاف ملزمان۔